Kommunales Center für Arbeit
Jobcenter und Soziales
Anstalt des öffentlichen Rechts des Main-Kinzig-Kreises

# FOR REFUGEES

# زندگی – کام – زبان

## ماہرین کے لیے ہماری پیشکش
## مہاجرین کے لیے سوشل کوڈ II کے تحت ابتدائی تعارف

Urdu

# زندگی

جرمنی آپ کا نیا وطن بن گیا ہے – تاہم، ابھی تک بہت سی چیزیں آپ کے لیے مختلف ہیں۔ کچھ چیزیں بنیادی طور پر یہاں آپ کے ماخذ وطن کی نسبت مختلف طریقے سے کام کرتی ہیں اور اس وجہ سے یہ آپ کو غیر محفوظ محسوس کراتا ہے۔ ہم آپ کو **زندگی کے ماڈیول** کے ذریعے، تحفظ اور واقفیت مہیا کرنا چاہتے ہیں جس کی بدولت آپ ہمارے معاشرے میں پر سکون رہائش اختیار کر سکتے ہیں۔ اس میں روزمرہ کی سرگرمیاں شامل ہیں - جیسا کہ خریداری کے لیے کیسے جانا ہے یا پبلک ٹرانسپورٹ کیسے کام کرتی ہے۔ ہم آپ کو بتائیں گے کہ طبی سہولیات کو کیسے استعمال کرنا ہے، آپ کے بچوں کو کب ڈے کئیر یا کنڈر- گارٹن میں داخل کروایا جا سکتا ہے اور کب سکول جانا لازمی ہو جاتا ہے۔

آپ سیکھ جائیں گے کہ کون سے قوانین ہمارے معاشرے پر غالب ہیں۔ اس طرح سے، ہم آپ کو اکٹھے رہنے کے متعلق نا تحریر کردہ ضوابط اور نہ بدلنے والے قانونی اصولوں سے بھی آگاہی مہیا کرتے ہیں، جو کہ ہم سب پر لاگو ہوتے ہیں۔ ہم مساوی طور آپ کو جرمن اقدار، رویوں کے طرز عمل، اور ہمارے وطن، مائن کنزی کھائس کے عمومی رسم و رواج کے متعلق آگاہی بہم پہنچاتے ہیں۔ ہم آپ کو مقامی بنیادی ڈھانچے، مقامی اداروں کے کام کرنے کے طریقہ کار کی آگاہی فراہم کرتے ہیں اور خالصتاً عملی طور پر بتاتے ہیں کہ مختلف مسائل سے کس طرح نمٹا جا سکتا ہے۔ مزید برآں، ہم آپ کو جرمنی کا عمومی خاکہ اور خاص طور پر علاقائی میڈیا کے خدوخال کا نقشہ مہیا کرتے ہیں۔ اور ہم آپ کو بتاتے ہیں کہ، ہم کس طرح سوشل کوڈ II کے مطابق ملازمتی مرکز کے طور پر کام کرتے ہیں – یہ اس لیے ضروری ہے کیونکہ آپ سوشل کوڈ SGB II کے مطابق سہولیات حاصل کر رہے ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ آپ کے حقوق اور مراعات ہیں – لیکن آپ کی ذمہ داریاں بھی ہیں۔

## کے ملازمتی سینٹر کے طور پر (KCA)

**کے ملازمتی سینٹر کے طور پر** (KCA)، ہم مائن کنزی کھائس میں سب کے لیے رابطے کا واحد مقام ہیں، جو کہ سوشل کوڈ II کے مطابق بنیادی تحفظاتی فوائد حاصل کرتے ہیں۔ حتیٰ کہ مہاجرین کو بھی ہماری بھرپور مدد اور حوصلہ افزائی کی ضرورت ہوتی ہے۔ تاہم، ہمیں آپ کی ضرورت ہے، کیونکہ آپکی لگن کے بغیر ہماری تمام کوششیں بے سود ثابت ہوں گی۔ ہماری **زندگی – کام – زبان** کی پیشکش کے ساتھ، ہمارا مقصد آپ کا جرمن معاشرے اور جرمن لیبر مارکیٹ میں انضمام آسان بنانا ہے۔ اس طرح سے، ہم وسیع تجربے اور مضبوط شراکت کاروں پر انحصار کرتے ہیں۔ یہ اس لیے ہے کیونکہ ہمارا مقصد اور دعویٰ یہ ہے کہ ہم ہر فرد کو اس کے ماخذ سے قطع نظر، نوکری میں خود اعتماد زندگی کا جائز موقع فراہم کرتے ہیں۔

## زندگی – کام – زبان

ہماری سہ-ماہی پیشکش میں، جامع پیشہ ورانہ ابتدائی تعارف **زندگی – کام – زبان** شامل ہوتا ہے۔ ہم اس ساخت کا فیصلہ کرتے ہیں، جس کے مطابق ہر فرد اپنے ذاتی حالات اور ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے، ان ماڈیولز کو مکمل کرتا ہے۔ جیسا کہ، اگر کسی فرد کو صرف ایک ماڈیول کی ہی ضرورت ہو، تو ہم اس کے لیے بڑے پیمانے پر پیشہ ورانہ بصارتوں تک رسائی کا موقع فراہم کرتے ہیں۔ آپ کے پاس عملی طور پر مختلف پیشوں اور سرگرمیوں کے ایک لچک دار فریم ورک میں چیک کرنے کا موقع ہے۔ بعد میں، آپ اپنی پسند کے پیشہ ورانہ میدان عمل کا بہتر طور پر انتخاب کر سکتے ہیں۔ انضمامی کورس کے ساتھ یہ مکمل پیکج مل کر آپ کے پیشہ ورانہ اور معاشرتی انضمام کے لیے بنیاد فراہم کرتا ہے۔ ہم **آپ کو خوش آمدید** کہتے ہیں اور ہم آپ کو ہنر فراہم کریں گے، تا کہ آپ ہمارے معاشرے اور ہماری لیبر مارکیٹ کا **حصہ بن سکیں**۔ ہم جو موقع آپ کو فراہم کرتے ہیں اس سے فائدہ اٹھائیں؛ تو پھر آپ **جرمنی میں بھی آ سکتے ہیں!**

اہم نوٹ: آپ کا انضمامی کورس بہت اہمیت کا حامل ہے۔ اگر یہ زندگی – کام – زبان کی سرگرمی کے دوران شروع ہو جاتا ہے تو پھر اسے شیڈول سے پہلے ختم کر لیجیے۔

**ایک پیشکش:**

Kommunales Center für Arbeit
Jobcenter und Soziales

ہمارے شراکت دار کی طرف سے

aqa
Gemeinnützige Gesellschaft für Arbeit, Qualifizierung und Ausbildung mbH

# زبان

آپ نے یقینی طور پر تجربہ کر لیا ہو گا: زبان میں مہارت کے بغیر جرمنی میں کچھ بھی کرنا بہت مشکل ہے۔ اچھی تنخواہ اور محفوظ نوکری آپ سے کوسوں دور ہو گی اگر آپ کو جرمن زبان کا بنیادی علم نہیں ہے۔ اس لیے، ہماری پیشکش کا تیسرا ستون **زبان کا ماڈیول** ہے۔

ہم ابتدائی طور پر آپ کو مخصوص پیشہ ورانہ اصطلاحات سکھاتے ہیں۔ ہم جانتے ہیں کہ - جرمن زبان سیکھنا بڑا مشکل ہدف ہے۔ اس لیے، یہ اور بھی ضروری ہے کہ آپ ہماری مدد سے جتنا جلدی ممکن ہو کوشش کریں اور اپنی صلاحیت بہتر بنائیں۔ ہر بہتری جو آپ حاصل کرتے ہو، کے ساتھ آپ کی جھجک کم ہو جاتی ہے؛ آپ کی خود اعتمادی بڑھتی ہے اور آپ اپنے پیشے اور روزمرہ زندگی میں آزاد انداز میں پیش آتے ہیں۔ آپ کے لیے کام کے دوران اور دوسری جگہوں میں، رابطے قائم کرنا آسان ہو جاتا ہے اور اس طرح ہمارے معاشرے میں آپ کا انضمام بہت تیزی سے عمل میں آتا ہے۔

## KCA – علاقے

سوالات یا کسی بھی مشکل کی صورت میں آپ کسی بھی وقت ہمارے ملازمین سے بات چیت کر سکتے ہیں۔ ہم ہمیشہ حل تلاش کر لیں گے۔

**Maintal**
Moosburger Weg 2, 63477 Maintal
ٹیلی فون: 06181 292-45030

**Hanau**
Eugen-Kaiser-Str. 7, 63450 Hanau
ٹیلی فون: 06181 292-28300

**Gelnhausen**
Zum Wartturm 1, 63571 Gelnhausen
ٹیلی فون: 06051 9741-47145

**Schlüchtern**
Gartenstr. 5, 36381 Schlüchtern
ٹیلی فون: 06661 970-18601

**www.kca-mkk.de**

# کام

اس محفوظ جگہ میں کسی مشکل کے بغیر رہنے کے لیے آپ نے کئی بار مہاجرین کے طور پر قربانیاں دی ہیں اور بہت سی چیزیں تسلیم کی ہیں۔ ملازمتی مرکز کے طور پر، ہم آپ کی بنیادی ضروریات کا خیال رکھتے ہیں؛ اور لمبے عرصے میں آپ کے لیے ہم نئے مواقع کھولنا چاہتے ہیں، تاکہ آپ جرمنی میں خود اعتماد اور معاشی طور پر آزاد زندگی بسر کر سکیں۔ اور یہ اسی صورت میں کامیاب ہو سکتا ہے، اگر آپ کو ملنے والی ملازمت سوشل سیکیورٹی کے تحت آتی ہے اور آپ اپنی ضروریات کے لیے خود کما رہے ہیں۔ اس لیے، ہم آپ کو جرمن لیبر مارکیٹ کی کارکردگی کے متعلق **میں کام کے ماڈیول** کے ذریعے بہتر آگاہی دینا چاہتے ہیں۔

ہم کمپنیوں میں آپ کے لیے مطالعاتی دوروں کا انتظام کرتے ہیں، تاکہ آپ اپنے پیشے کے متعلق پہلی آگاہی حاصل کر سکیں۔ ہم آپ کے پرانے وطن سے حاصل کردہ تربیتی اسناد اور پیشہ ورانہ تعلیم کی دستاویزات کی تسلیم کے عمل میں آپ کی مدد کرتے ہیں۔ آپ اس طرح مختلف پیشوں، تربیتوں اور عملی میدانوں کی سرگرمیوں کے متعلق عمومی جائزہ حاصل کرتے ہیں۔ ہم آپ کو پیشہ ورانہ دنیا کے طرز عمل سے روشناس کراتے ہیں اور آپ کو ان چیزوں کے متعلق معلومات دیتے ہیں جن کو مقامی آجر اہمیت دیتے ہیں۔ اور ہم آپ کے ساتھ مل کر مجموعی طرز پر دیکھتے ہیں کہ آپ کے لیے اولین شرائط کیا ہیں، آپ کی دلچسپی کے حلقہ عمل کون کون سے ہیں اور ان میں آپ کی کامیابی کے کتنے امکانات ہیں۔ اور اس کو ہمیشہ اس مقصد کے تحت کیا جاتا ہے کہ آپ اپنی شروعات جرمن لیبر مارکیٹ سے کریں، کیونکہ یہ ہماری رائے کے مطابق کامیاب انضمام کی بنیادی شرط ہے۔

## مقامات

003.08.01/06.16/UR

ہم مائن کنزی کھائس میں مندرجہ ذیل تین مقامات پر، زندگی – کام – زبان، پیش کرتے ہیں:

- ہاناؤ (Hanau)
- گغونداؤ روتھن بیرگن (Gründau-Rothenbergen)
- مائن کنزی کھائس (Schlüchtern)

پیشہ ورانہ ابتدائی تعارف تین ماہ تک جاری رہتا ہے اور ہر ماہ کی ابتداء میں شروع ہوتا ہے۔
پروگرام صبح کے وقت 8 سے لے کر 13 بجے تک یا بعد دوپہر 13 سے لے کر 18 بجے تک ہوتا ہے۔ آپ کو شیڈول اور مقامات کے بارے میں علیحدہ معلوماتی شیٹ - بمع نقشہ، مناسب وقت پر پروگرام شروع ہونے سے پہلے مہیا کر دی جائے گی تا کہ آپ اس میں حصہ لے سکیں۔